آئی سی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈکپ 2020میں پاکستان گروپ سی میں شامل

- قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم ورلڈکپ میں اپنا پہلا میچ آئندہ سال19 جنوری کو سکاٹ لینڈ کے خلاف کھیلے گی
- گروپ سی مرحلے میں پاکستان اپنا دوسرا میچ زمباوے اور تیسر ابنگلہ دیش کے خلاف بالترتیب 22 اور 24جنوری کو کھیلا گا

لاہور،24اکتوبر 2019ء :

دومرتبہ کی عالمی چیمپئن پاکستان کی ٹیم آئی سی سی انڈر 19 کرکٹ ورلڈکپ2020 میں اپنا پہلا میچ سکاٹ لینڈ کےخلاف کھیلے گی۔ انٹرنیشنل کرکٹ کونسل کی جانب سے اعلان کردہ شیڈول کے مطابق دونوں ٹیموں کے درمیان میچ آئندہ سال19 جنوری بروز اتوار کو پوچیف اسٹروم کےنارتھ ویسٹ یونیورسٹی اوول میں کھیلا جائے گا۔

24 روز تک جاری رہنے والے ایونٹ میں 16 ممالک کی ٹیمیں شرکت کریں گی۔آئندہ سال17 جنوری سے شروع ہونے والے ایونٹ کا فائنل میچ بینونی کے جے پی مارک اوول میں کھیلا جائے گا۔

قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم ایونٹ میں ا پنا دوسرا میچ22 جنوری کو زمباوے کے خلاف بلوم فاؤنٹین کے وٹرانٹ اوول میں کھیلے گی۔

گروپ مرحلے میں پاکستان کا آخری میچ بنگلہ دیش کے خلاف ہوگا۔ دونوں ٹیمیں 24 جنوری کو جے پی مارک اوول میں مدمقابل آئیں گی۔

ہر گروپ سے 2 بہترین ٹیمیں سپر لیگ مرحلے میں رسائی حاصل کرلیں گی جبکہ باقی تمام ٹیمیں پلیٹ چیمپئن شپ کے لیے نبردآزمائی کریں گے۔

ایونٹ میں سپر لیگ مرحلے کا آغاز 28 جنوری بروز منگل کو ہوگا۔ سپر لیگ مرحلے

کے اختتام پر 4 ٹاپ ٹیمیں سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کریں گی۔ ایونٹ کے فاتح کا فیصلہ 9 فروری بروز اتوارکو ہوگا۔

قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم اس سے قبل 2004 بنگلہ دیش اور 2006 سری لنکا میں منعقدہ آئی سی سی انڈر 19 ورلڈکپ کی فاتح رہ چکی ہے۔ پاکستان ایونٹ کے 3 ایڈیشنز میں رنرزاپ بھی رہ چکا ہے۔

گذشتہ سال نیوزی لینڈ میں منعقدہ آئی سی سی انڈر 19ورلڈکپ میں پاکستان ٹیم کی قیادت حسان خان نے کی تھی۔ ایونٹ میں قومی انڈر 19 کرکٹ ٹیم سیمی فائنل میں بھارت سے شکست کھاگئی تھی۔

آئی سی سی انڈر 19 ورلڈکپ پہلی بار 1988 میں کھیلا گیا، جس کے ہر 2 سال بعد ایونٹ کا انعقاد مستقل بنیادوں پر کیا جارہاہے۔ ایونٹ کے تاحال 12 ایڈیشنز مکمل ہوچکے ہیں جس میں بھارت 4 مرتبہ فاتح رہا ہے۔ آسٹریلیا 3، پاکستان 2 جبکہ جنوبی افریقہ اورویسٹ انڈیز ایک ایک بار ایونٹ جیت چکے ہیں۔

ایونٹ میں شامل وارم اپ میچزآئندہ سال 12 سے 15 جنوری تک جاری رہیں گے جہاں نیوزی لینڈ میں کھیلے گئے آخری ایڈیشن میں شامل11 فل ممبران اور 5 ریجنل ٹیمیں شرکت کریں گی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training

provision for officials and coaches.

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealpcb

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4